۱۔زعفران

سوالات وجوابات

سوال:۔کس شاعر نے اپنی کتابوں میں زعفران کی جابجا تعریف کی ہے؟

جواب:مشہور شاعر کالیدس نے اپنی کتابوں میں زعفران کی جابجا تعریف کی ہے۔

سوال:۔کس پھول کو بادشاہوں کا پھول سمجھا جاتا ہے؟

جواب: زعفران کے پھول کو بادشاہوں کا پھول سمجھا جاتا ہے۔

سوال:۔وادی کشمیر میں زعفران کی کاشت کہاں کہاں کی جاتی ہے؟

جواب:وادی کشمیر میں زعفران کی کاشت زیادہ تر پانپور میں اوراس کے علاوہ بڈگام، پلوامہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں ہوتی ہے۔یا۔وادی کشمیر میں زعفران کی کاشت پانپوراوراس کے علاوہ وادی کے کئی علاقوں میں بھی ہوتی ہے۔

سوال:۔کس ملک میں زعفران کوشاہی رنگ سمجھا جاتا ہے؟

جواب:یونان میں زعفران کوشاہی رنگ سمجھا جاتا ہے۔

سوال:۔زعفران کی کاشت کے لیے کس قسم کی زمین درکار ہے؟

جواب:زعفران کی کاشت کے لیےایک خاص قسم کی ڈھلوان زمین درکار ہے۔

☆خالی جگہیں سبق کوغور سے پڑھ کر پُر کیجیے۔

زعفران پر مختصر نوٹ

زعفران عربی لفظ ہے۔اس کا مطلب ہے''ایک قسم کا نہایت خوشبودار زردرنگ کا پھول''۔زعفران کوکیسر بھی کہتے ہیں۔مشہور ہے کہ زعفران کے کھیت میں پہنچ کرانسان کوخود بخود ہنسی آنے لگتی ہے۔غرض یہ کہ زعفران ایک ایسی شے ہے جوسب کوحیران کر دیتی ہے۔زعفران کے حسن نے ہمیشہ ادیبوں، شاعروں اور مفکروں کواپنی طرف متوجہ کیا ہے۔چنانچہ سنسکرت کے مشہور شاعر کالیداس نے اپنی کتابوں میں اس کی جابجا تعریف کی ہے۔انمول خوشبواور بے مثال دل کشی کی بناپرزعفران کو بادشاہوں کا پھول اور شاہی رنگ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔زعفران تعویذ لکھنے کے کام میں بھی استعمال کیا جاتا ہےاور انگریزی ادویات کے علاوہ دیسی دواسازی میں بھی کام آتا ہے۔